میّت کی مغفرت کے لیے دعائیں

سیدنا ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”مرنے کے بعد انسان کے اعمال (کے ثواب) کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے، سوائے تین طریقوں کے جن کا ثواب میت کو پہنچتا رہتا ہے صدقہ جاریہ یا لوگوں کو فائدہ دینے والا علم یا نیک اولاد جو میت کے لیے دعا کرتی رہے۔“ [صحیح مسلم:4223]

1. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ وَعَافِهِ وَاعْفُ عَنْهُ وَاَكْرِمْ نُزُلَهُ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَاَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهِ وَاَهْلًا خَيْرًا مِّنْ اَهْلِهِ وَزَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهِ وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَاَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ. [صحیح مسلم:2232]

عورت کے لیے یہ دعا اس طرح پڑھی جائے گی۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهَا وَارْحَمْهَا وَعَافِهَا وَاعْفُ عَنْهَا وَاَكْرِمْ نُزُلَهَا وَوَسِّعْ مُدْخَلَهَا وَاغْسِلْهَا بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهَا مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَاَبْدِلْهَا دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهَا وَاَهْلًا خَيْرًا مِّنْ اَهْلِهَا وَزَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهَا وَاَدْخِلْهَا الْجَنَّةَ وَاَعِذْهَا مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ.

اے اللہ! اسے بخش دے اور اس پر رحم فرما اور اسے عافیت عطا فرما اور اسے معاف فرما اور اس کی بہترین مہمانی فرما اور اس کے داخلے کی جگہ (قبر) کو کشادہ فرما اور اسے پانی، اولوں اور برف سے دھو دے اور اسے گناہوں سے اس طرح صاف کر دے جیسے کہ تو سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کرتا ہے اور اسے اس کے اس گھر کے بدلے بہتر گھر عطا فرما اور اس کے گھر والوں سے بہتر گھر والے اور اس کی زوج سے بہتر زوج عطا فرما اور اسے جنت میں داخل فرما اور اسے عذاب قبر اور آگ کے عذاب سے بچا لے۔

2. اَللّٰهُمَّ عَبْدُكَ* وَابْنُ اَمَتِكَ اِحْتَاجَ اِلٰى رَحْمَتِكَ وَاَنْتَ غَنِيٌّ عَنْ عَذَابِهِ اِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِيْ اِحْسَانِهِ وَاِنْ كَانَ مُسِيْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْهُ. [المستدرك للحاكم، ج:1، 1368]

اے اللہ! یہ تیرا بندہ اور تیری بندی کا بیٹا، تیری رحمت کا محتاج ہے اور تو اسے عذاب دینے سے بے نیاز ہے۔ اگر وہ نیک تھا تو اس کے نیک اعمال میں اضافہ فرما اور اگر برائیوں پر تھا تو اس سے درگزر فرما۔

*عبدك کی جگہ میت کا نام لیں۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

3. اَللّٰهُمَّ اِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِيْ ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ جِوَارِكَ فَقِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ وَاَنْتَ اَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ، اَللّٰهُمَّ فَاغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ. [سنن أبي داؤد:3202]

اے اللہ! بے شک فلاں بن فلاں تیرے ذمے (کفالت) میں ہے اور تیری ہمسائیگی اور امان میں آ گیا ہے۔ سو تو اسے قبر کی آزمائش اور آگ کے عذاب سے محفوظ فرما دے تو (اپنے) وعدے کو پورا کرنے والا اور حق والا ہے اے اللہ! پس اسے بخش دے اور اس پر رحم فرما بلاشبہ تو بہت ہی بخشنے والا ہے نہایت رحم کرنے والا ہے۔

نوٹ: فلاں بن فلاں کی جگہ میت کا نام لیں۔

4. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا، اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَاَحْيِهِ عَلَى الْاِيْمَانِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْاِسْلَامِ، اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ. [سنن أبي داؤد:3201]

اے اللہ! ہمارے زندوں اور مردوں کو بخش دے اور ہمارے چھوٹوں کو اور بڑوں کو، ہمارے مَردوں کو اور عورتوں کو ہمارے موجود لوگوں کو اور جو موجود نہیں ہیں (انہیں بھی بخش دے)۔ اے اللہ! ہم میں سے جسے تو زندہ رکھے تو اسے ایمان پر زندہ رکھ اور ہم میں سے جسے تو موت دے اسے اسلام پر موت دے۔ اے اللہ! ہمیں اس (مرنے والے) کے اجر سے محروم نہ رکھ اور اس کے بعد ہمیں گمراہ بھی نہ کر دینا۔

5. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ* وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ فِي الْمَهْدِيِّيْنَ وَاخْلُفْهُ فِيْ عَقِبِهِ فِي الْغَابِرِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهُ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ! وَافْسَحْ لَهُ فِيْ قَبْرِهِ وَنَوِّرْ لَهُ فِيْهِ. [صحيح مسلم:2130]

اے اللہ اسے معاف فرما اور ہدایت یافتہ لوگوں میں اس کا درجہ بلند فرما اور اس کے پیچھے رہ جانے والوں میں تو ہی اس کا خلیفہ بن جا۔ یا رب العالمین! ہمیں اور اس کو بخش دے اور اس کی قبر میں اس کے لیے کشادگی فرما اور اس میں اس کے لیے روشنی فرما۔

نوٹ: یہ دعا رسول اللہ ﷺ نے ابوسلمہؓ کے لیے پڑھی تھی۔ آپ *لہ کی جگہ میت کا نام لیں۔

میّت بچے کی بخشش کی دعائیں

1. اَللّٰهُمَّ اَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ. [المؤطا لامام مالك:613]

اے اللہ! اسے قبر کے عذاب سے بچا۔

2. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا سَلَفًا وَاَجْرًا. [صحيح البخاري، كتاب الجنائز: باب:65]

اے اللہ! اس (بچے) کو ہمارے لیے ہم سے پہلے آگے جا کر انتظام کرنے والا بنا دے اور اجر کا باعث بنا دے۔

نومبر 2018 | ایڈیشن: 5

الھدیٰ پبلیکیشنز (پرائیوٹ) لمیٹڈ
7-اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد، پاکستان +92-51-4866130-1 +92-51-4866125-9
کراچی: +92-21-35844041-2 لاہور: +92-42-35239040-41
www.alhudapublications.org | www.alhudapk.com
www.farhathashmi.com
AL-HUDA Publications (Pvt) Ltd.
٥٦٠١٠٠٠٢

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION